وزیر اعلی پنجاب کے پیشہ فارمیسی کے الیکشن 2014 میں غیر قانونی و غیر اخلاقی مداخلت

پریس ریلیز Press Release

Date: August 23, 2014

No.: 321/14PPress release

فارماسسٹ الائینس Pharmacist Alliance پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن ملک کے موجودہ سیاسی بحران کے جلد از جلد حل کیلیئے دعا گو ہے۔ ہم ایک پیشہ ورانہ تنظیم کی حثیت سے کسی بھی سیاسی، گروہی، علاقائی اور فرقہ ورانہ وابستگی کا انکار کرتے ہیں۔ ہم تحریک انصاف، تحریک منہاج القرآن، جماعت اسلامی، پیپلز پارٹی، PML(N) اور دیگر جماعتوں کے سیاسی عزائم سے الگ رہتے ہوے صرف اور صرف پیشہ فارمیسی کی ترقی و بڑھوتری کو ترجیح دیتے ہیں۔ مگر یہ بھی ایک زندہ حقیقت ہے کہ ہم مجموعی ملکی سیاسی، معاشی، سماجی اور انتظامی صورتحال سے الگ رہ کر اپنے پیشہ ورانہ مقاصد حاصل نہیں کر سکتے۔ جسکی وجہ سے ہمیں نہ چاہتے ہوے بھی کئی طرح کے عوامل و محرکات پر توجہ دینا پڑھتی ہے۔

لہذا ہم سمجھتے ہیں کہ پیشہ فارمیسی کے گذشتہ انتخابات 2014 میں ہونے والی دھاندلی، بدیانتی اور سرکاری اسباب وسائل اور اختیارات کے غیر قانونی استعمال کی ذمہ داری جناب وزیر اعلی پنجاب پر عائد ہوتی ہے۔ جنکی سرکردگی اور ہدایات پر جناب چیف ڈرگ کنٹرولر پنجاب کو اسلام آباد سے لاہور لایا گیا۔ صوبائی ادارہ برائے ادویاتی معیار PQCB کے سیکرٹری کو تمام انتخابات کا نگران Chief Election Commissioner متعین کیا گیا۔ پورے پاکستان خصوصا پنجاب کی تمام اہم انتخابی ذمہ داریوں پر کلی طور پر سرکاری ملازمین کو تعینات کیا گیا۔ بشمول اسکے دیگر تمام تفاصیل ہمارے جاری کردہ قرطاس ابعیض White Paper نمبر 317/14-PA مورخہ July 21, 2014 میں موجود ہے۔ جناب وزیر اعلی پنجاب کا اس قرطاس ابعیض پر کوئی کاروائی عمل میں نہ لانا بھی انکے اس مکروہ دھندے میں ملوث ہونے کی صریح غمازی کرتا ہے۔ لہذا ہم شریف برادران اور PML (N) کے ملکی انتخابات کی طرح انسانی جانوں کو بچانے والے مقدس پیشہ فارمیسی کے انتخابات میں مداخلت اور سرکاری وسائل و اختیارات کے غیر قانونی استعمال کے قائل ہیں۔ جس کے نتیجے میں انہوں نے ماہرین ادویات کو ملکی و قومی سطح پر ایک مضبوط پیشہ ورانہ نمائندگی سے محروم کر دیا ہے۔ پوری قوم کو معیاری ادویاتی نظام کی فراہمی میں رکاوٹ کھڑی کی ہے۔

اسلئے ہم ملکی انتخابات کی طرح پیشہ فارمیسی کے انتخابی عمل کی تحقیق کا مطالبہ کرتے ہیں۔ پاکستانی عوام، ملکی عدلیہ، محکمہ صحت، ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی اور اہل علم و دانش سے امید کرتے ہیں کہ ملک میں قانون و انصاف کی بالادستی کیلیئے ہمارا ساتھ دینگے۔ اور اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ ملک و قوم کو ظلم و بدیانتی کرنے والے شر پسند عناصر سے نجات عطا فرمائے۔ آمین

فارماسسٹ الائینس Pharmacist Alliance پاکستان فارماسسٹ اسوسی ایشن